© rasailojaraid.com

مادّی تہذیب کا فکری ڈھانچہ تیار ہوا ہے۔ تیسرے حصّے میں انہوں نے اس تہذیب کے عملی مضمرات سے بحث کی ہے اور بتایا ہے کہ اس نے میدانِ عمل میں کس طرح کے پیچیدہ مسائل پیدا کیے ہیں۔

یہ کتاب بڑی فکر انگیز ہے۔ ہم اس کے مطالعہ کی سفارش کرتے ہیں۔ معیارِ طباعت عمدہ ہے مگر پروف احتیاط سے نہیں پڑھے گئے۔

مشاہد التوحید | تالیف ملک حسن علی جامعی صاحب۔ شائع کردہ: المکتبۃ السلفیہ شیش محل روڈ، لاہور
قیمت: دس روپے۔ صفحات ۴۵۶۔

توحید کوئی علمِ کلام کا مسئلہ نہیں بلکہ دینِ حق کا جوہر ہے۔ اللہ تعالیٰ نے جتنے انبیاء علیہم السلام بھی مبعوث فرمائے انہوں نے سب سے زیادہ زور اسی بنیادی عقیدے پر دیا ہے۔ اسی عقیدے کے ذریعے انسان کو اپنے خالق و مالک کی صحیح معرفت حاصل ہوتی ہے اور انسان اور انسان کے مابین اور انسان اور کائنات کے درمیان صحیح تعلق استوار ہوتا ہے۔ اس عقیدے کی حیثیت انسان کے زاویۂ نگاہ کی سی ہے۔ اگر یہ درست ہو تو زندگی کے سارے معاملات درست ہوتے ہیں لیکن اگر اس میں کجی ہو تو زندگی کے سارے معاملات میں زبردست بگاڑ پیدا ہو جاتا ہے۔

زیرِ تبصرہ کتاب مشاہد التوحید اسلام کے اسی بنیادی عقیدہ کی وضاحت اور اس کی صحت اور درستی کے لیے لکھی گئی ہے۔ فاضل مصنف نے سب سے پہلے اس عقیدہ کے مضمرات اور اس کے مختلف پہلوؤں کا جائزہ لیا ہے اور آخر میں اس چشمۂ صافی کے اندر جو آلائشیں شامل ہو گئی ہیں ان کی نشاندہی کی گئی ہے۔

کتاب بڑی معلومات افزا اور قابلِ قدر ہے۔ معیارِ طباعت و کتابت گوارا ہے۔

---

ہمارے نصابِ تعلیم میں اسلامیات | تالیف جناب سید ظفر الدین احمد پرنسپل وی۔ ایم پبلک سکولز کراچی۔
بزبان انگریزی | صفحات ۴۸ قیمت درج نہیں۔

زیرِ نظر کتابچے میں جدید طرز کے مدارس میں مروجہ نصابِ تعلیم کے اندر اسلامیات کے مرتبہ و مقام کو متعین کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔ یہ کتابچہ مختصر مگر بڑا فکر انگیز ہے اور فاضل مصنف کے طویل تدریسی تجربے کی شہادت فراہم کرتا ہے۔

© rasailojaraid.com